(ج) سورہ آل عمران (د) سورہ نجم

(۵۶) قران پاک کی کونسی آیات سن کر حضرت عمر نے اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کیا؟

(ا) سورۃ طٰہٰ کی آخری چند آیات

(ب) سورۃ طٰہٰ کی پہلی چند آیات

(ج) سورہ آل عمران کی آخری آیات

(د) سورہ آل عمران کی ابتدائی آیات

(۵۷) حضرت عمرؓ نے جب دارالارقم کا دروازہ کھٹکھٹایا تو سب خوفزدہ تھے بتائیں کس نے جا کر دروازہ کھولا؟

(ا) حضرت علیؓ (ب) حضرت حمزہؓ

(ج) حضرت عباسؓ (د) محمدؐ

(۵۸) بلالؓ 'لبینہؓ' زہرہؓ' اور نہدیہؓ' جیسے غلاموں اور کنیزوں کو کس صحابی رسول نے خرید کر آزاد کیا۔

(ا) ابوبکر صدیقؓ (ب) عمر فاروقؓ

(ج) عثمان غنیؓ (د) عبدالرحمن بن عوفؓ

(۵۹) حضرت عمار کی والدہ سمیعہؓ جو کہ پہلی شہید اسلام خاتون ہے کو کس کافر نے برچھی ماری۔

(ا) ابوسفیان (ب) ابوجہل

(ج) ولید بن عتبہ (د) ولید بن مغیرہ

(۶۰) کس اولین غلام صحابی کو صحرا کی تپتی ریت میں لٹا کر گلے اور پاؤں میں رسیاں ڈال کر گھسیٹا جاتا تھا؟ مگر ان کے منہ سے احد احد کے سوا کوئی کلمہ نہیں نکلتا تھا۔

(ا) حضرت خبابؓ (ب) حضرت صہیبؓ

(ج) حضرت عامرؓ (د) حضرت بلالؓ

(۶۱) آپؐ کی دو بیٹیاں ابولہب' جو کہ ولید بن مغیرہ کا بھتیجا تھا' کے بیٹوں کے عقد میں تھیں ان دونوں رقیہؓ اور ام کلثومؓ کو ابولہب کے اکسانے پر اس کے کن بیٹوں نے طلاق دی۔

(ا) عتبہ' عتیبہ (ب) عقبہ' عتبہ

(ج) عقبہ' عتیبہ (د) عقبہ' حکم

(۶۲) ایک مرتبہ ابوجہل ایک بھاری پتھر لیکر آپؐ کے سر پر کعبہ میں حالت نماز میں مارنے کیلئے آگے بڑھا کہ خوفزدہ ہو کر پیچھے بھاگا اور پتھر ہاتھ سے گر گیا۔ بتائیں اس کی خوفزدگی کی وجہ کیا تھی۔ اس کو کیا محسوس ہوا کہ کیا چیز اس کی طرف منہ پھاڑے آرہی ہے؟

(ا) دیوہیکل اور خوفناک اونٹ (ب) بہت بڑا اژدھا

(ج) بہت بڑا ہاتھی (د) خوفناک درندہ

(۶۳) "خدا تیرے چہرے کی درخشندگی برقرار رکھے" یہ دعا آپؐ نے کس کے لیے کی؟

(ا) حضرت علیؓ (ب) حضرت حمزہؓ

(ج) حضرت ابوبکرؓ (د) حضرت عثمانؓ

(ر) حضرت زبیر بن عوامؓ

(۶۴) کس کے ایمان لانے پر صحابہ کرام نے پرشگاف نعرہ تکبیر بلند کیا؟

(ا) حضرت عمرؓ (ب) حضرت حمزہؓ

(ج) حضرت عباسؓ (د) حضرت عثمانؓ

(۶۵) کس کی معیت میں سب سے پہلے مسلمانوں نے خانہ کعبہ میں پہلی مرتبہ اعلانیہ کھلے بندوں نماز ادا کی۔

(ا) حضرت حمزہؓ (ب) حضرت علیؓ

(ج) حضرت عمرؓ (د) حضرت عباسؓ

(۶۶) عرب کے اس مشہور پہلوان کا نام بتلائیں جس نے حضورؐ سے نبوت کے ثبوت میں کشتی لڑنے کا مطالبہ کیا لیکن شکست کھانے پر بھی مسلمان نہ ہوا۔

(ا) عبداللہ جمحی (ب) عبداللہ صمعی

(ج) عبداللہ سعدی (د) عبداللہ زہری

(۶۷) اہل قریش کے سب سے بڑے پہلوان رکانہ کو آپؐ نے کشتی میں کتنی بار ہرایا؟

(ا) ایک بار (ب) دوبار

(ج) تین بار (د) چار بار

(۶۸) آپؐ نے کس سال مسلمانوں کو ہجرت حبشہ کا حکم دیا؟

(ا) رجب ۳ نبوی (ب) رجب ۴ نبوی

(ج) رجب ۵ نبوی (د) رجب ۶ نبوی

(۶۹) ہجرت حبشہ اولیٰ میں کتنے مردوں اور عورتوں نے ہجرت کی؟

(ا) ۸ مرد۔ آٹھ عورتیں (ب) ۹ مرد ۷ عورتیں

(ج) ۱۰ مرد ۶ عورتیں (د) ۱۲ مرد ۴ عورتیں

(۷۰) قریش نے دو آدمی بطور سفیر مسلمانوں کو حبشہ سے نکلوانے کے لیے بھیجے۔ ان کے نام کیا تھے؟

(ا) عمرو بن العاص' عمر بن حارث

(ب) عبداللہ بن ربیعہ' عمرو بن العاص

(ج) عمر بن العاص' عبداللہ بن حارث

(د) عمرو بن العاص' اور عبداللہ بن جحش

(۷۱) مسلمان حبشہ میں کتنا عرصہ مقیم رہے؟

(ا) دو ماہ (ب) تین ماہ

(ج) چار ماہ (د) پانچ ماہ

(۷۲) حضرت جعفر طیارؓ کی تلاوت سورہ مریم کے جواب میں کس نے کہا تھا۔ "خدا کی قسم! یہ کلام اور انجیل دونوں ایک ہی چراغ کے پرتو نور ہیں۔

(ا) پوپ حبشہ (ب) حبشہ کے درباریوں نے

(ج) شاہ نجاشی (د) سردار حبشہ

Scanned with CamScanner

(۷۳) مکہ میں کس کے مسلمان ہونے کی خبر پر مسلمان حبشہ سے واپس ہوئے تھے؟
(ا) بنو ہاشم (ب) بنو امیہ
(ج) اہل قریش (د) محض افواہ

(۷۴) ہجرت حبشہ ثانی کس سنہ نبوی میں ہوئی؟
(ا) ۷ نبوی (ب) ۸ نبوی
(ج) ۹ نبوی (د) ۱۰ نبوی

(۷۵) اسی ہجرت میں کل ۱۰۱ آدمیوں نے ہجرت کی، مرد و خواتین کی تعداد کیا تھی؟
(ا) ۸۳ مرد، ۱۸ عورتیں (ب) ۸۰ مرد، ۱۲ عورتیں
(ج) ۸۱ مرد، ۲۰ عورتیں (د) ۸۲ مرد، ۱۹ عورتیں

(۷۶) قریش کے سفیروں کی ناکامی اور واپسی حبشہ سے کس سن نبوی میں ہوئی؟
(ا) ۶ نبوی (ب) ۷ نبوی
(ج) ۸ نبوی (د) ۵ نبوی

(۷۷) شاہ نجاشی نے کب اسلام قبول کیا؟
(ا) ۷ نبوی (ب) ۵ نبوی
(ج) ۶ نبوی (د) ۸ نبوی

(۷۸) شعب ابی طالب کس پہاڑ کا ایک درہ تھا؟
(ا) جبل نور (ب) جبل بوقیس
(ج) جبل خندمہ (د) جبل حرا

(۷۹) شعب ابی طالب مکہ سے کتنی دور ہے؟
(ا) ایک میل (ب) دو میل
(ج) تین میل (د) چار میل

(۸۰) شعب ابی طالب میں حضورؐ اور آپؐ کے اصحاب کا کتنے عرصہ تک محاصرہ رہا؟
(ا) ایک سال (ب) دو سال
(ج) تین سال (د) چار سال

(۸۱) شعب ابی طالب کس کی ملکیت تھی؟
(ا) حضرت ابو طالبؓ (ب) حضرت خدیجہؓ
(ج) حضرت عباسؓ (د) حضرت زبیرؓ

(۸۲) یہ معاہدہ لکھنے اور تمام قبائل کے دستخطوں کے بعد کہاں لگایا گیا؟
(ا) حجر اسود کے ساتھ (ب) ہبل کے پاؤں میں
(ج) ستون مشرقی خانہ کعبہ (د) ستون مغربی خانہ کعبہ

(۸۳) زہیر بن امیہ جو کہ حضرت ابو طالب کا بھانجا تھا۔ شعب ابی طالب میں محصورین کی مصیبت سے متاثر ہوا اس نے اپنے ساتھ چھ آدمیوں کو بھی ملا لیا ایک رات مکہ سے باہر ایک پہاڑی پر جمع ہو کر فیصلہ کیا کہ کل معاہدہ کو۔۔۔۔۔۔۔
(ا) اتار لیا جائے گا (ب) جلا دیا جائے گا
(ج) چرا لیا جائے گا (د) چاک کر دیا جائے گا

(۸۴) اسی روز آپؐ نے اپنے چچا ابو طالب کو بتایا کہ دیمک معاہدہ تحریر کو چاٹ گئی ہے صرف وہی جگہیں باقی ہیں جہاں۔۔۔۔۔۔
(ا) بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا ہوا ہے
(ب) جہاں کعبہ کا ذکر ہے
(ج) جہاں قریش کا ذکر ہے
(د) جہاں اللہ کا نام ہے

(۸۵) اہل قریش نے کس بات کی ناکامی پر مسلمانوں کا عرصہ حیات تنگ کر دیا تھا؟
(ا) حبشہ سے ناکامی پر (ب) آپؐ کے قتل میں ناکامی پر
(ج) ابو طالب کی مخالفت پر (د) اپنی خفت مٹانے کے لیے

(۸۶) چاند کے دو ٹکڑے (شق القمر) ہونے کا واقعہ کب پیش آیا؟
(ا) ۵ نبوی (ب) ۶ نبوی
(ج) ۷ نبوی (د) ۸ نبوی

(۸۷) کتنی دیر تک چاند اس حالت میں رہا اور بعد میں اپنی اصلی جگہ واپس آ گیا؟
(ا) عصر و مغرب جتنا وقفہ (ب) ظہر اور عصر جتنا عرصہ
(ج) مغرب تا عشاء جتنا وقفہ (د) چند ساعتیں

(۸۸) رمضان المبارک ۱۰ نبوی کو حضرت ابو طالب انتقال کر گئے۔ اس کے کتنے دن بعد حضرت خدیجہؓ بھی انتقال کر گئیں؟
(ا) ۳ دن (ب) ۴ دن
(ج) پانچ دن (د) آٹھ دن

(۸۹) طائف مکہ سے ۶۲ میل / ۹۴ کلومیٹر فاصلے پر واقع ہے آپؐ نے سفر طائف کب کیا۔
(ا) اخیر شوال ۱۰ نبوی (ب) ذیقعد ۱۰ نبوی
(ج) ذوالحج ۱۰ نبوی (د) اخیر رمضان ۱۰ نبوی

(۹۰) طائف میں بنو ثقیف آباد تھے۔ یہ قریش سے رقیبانہ عداوت رکھتے تھے کتنے بھائی طائف کے سردار تھے؟
(ا) ایک (ب) دو
(ج) تین (د) چار

(۹۱) آپؐ اپنے ساتھ کس کو لیکر گئے؟
(ا) ابوبکر صدیقؓ (ب) عمر
(ج) علیؓ (د) زید بن حارثہ

(۹۲) سفر طائف سے واپسی پر آپؐ نے ایک باغ کے احاطہ میں پناہ لی یہ باغ کن دو قریشی سرداروں کا تھا۔
(ا) عتبہ اور شیبہ (ب) شیبہ اور ربیعہ
(ج) عتبہ اور ربیعہ (د) عکرمہ اور شیبہ

(۹۳) آپؐ کو کس نے انگور پیش کئے کہ آپؐ نے انگوروں کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے بسم اللہ کہا اور پھر انگور کھانے شروع کئے۔
(ا) عداس (ب) قیدار
(ج) عدنان (د) نفیس

(۹۴) خدا کی قسم اس طرح کی بات اس شہر کے لوگ تو کبھی نہیں کہتے'' یہ کس کے الفاظ تھے۔

Scanned with CamScanner

(ا) عداس (ب) قیدار
(ج) عدنان (د) نفیس

(۹۵) اس غلام کا مذہب عیسائی تھا۔ بتائیں وہ کس شہر کے رہنے والا تھا؟
(ا) نینوا (ب) طائف
(ج) حنین (د) یمن

(۹۶) نینوا شہر سے کونسے پیغمبر گزرے ہیں؟
(ا) حضرت عیسیٰؑ (ب) حضرت زکریاؑ
(ج) حضرت یونسؑ (د) حضرت موسیٰؑ

(۹۷) اہل طائف کس بت کی پوجا کرتے تھے؟
(ا) لات (ب) منات
(ج) عزیٰ (د) ہبل

(۹۸) حضرت عائشہؓ کے اس استفسار پر کہ آپؐ پر غزوہ احد سے بھی زیادہ کوئی سخت وقت آیا ہے تو آپؐ نے جواب دیا۔
(ا) معرکہ بدر (ب) معرکہ خندق
(ج) وفات ابوطالب وخدیجہؓ (د) طائف کا سفر

(۹۹) "اے خدا! اپنی کمزوری اور طاقت کی کمی اور لوگوں کی نظروں میں ہیچ ہونے کو تیری طرف شکایت کرتا ہوں۔ اے رحم کرنے والے! اے رب تو ہی کمزوروں کا رب ہے۔ اور تو ہی میرا رب ہے۔ بے بسی کے عالم میں آپؐ یہ نے دعا کس موقعہ پر مانگی تھی؟
(ا) بنوفرازہ کی ترش روئی اور گستاخی کے بعد
(ب) حنین میں لڑائی کے وقت
(ج) طائف میں لوگوں کے پتھراؤ کے بعد
(د) اہل قریش کے ستانے پر

(۱۰۰) واقعہ معراج کب ہوا؟
(ا) ۲۷ رجب ۱۰ نبوی (ب) ۲۷ رجب ۹ نبوی
(ج) ۲۷ رجب ۱۱ نبوی (د) ۲۷ رجب ۱۲ نبوی

(۱۰۱) معراج کی رات آپؐ کس کے گھر پر موجود تھے؟
(ا) اپنی پھوپھی کے گھر (ب) اپنی چچازاد بہن ام ہانی کے گھر
(ج) عاتکہ پھوپھی کے گھر (د) اپنے ذاتی گھر

(۱۰۲) حضرت ام ہانی کس کی بیٹی تھی۔
(ا) ابوطالب (ب) حارث
(ج) عباس (د) زبیر

(۱۰۳) معراج شب آپؐ نے سفر مبارک کس جانور پر کیا؟
(ا) اونٹنی قصویٰ (ب) مینڈھا
(ج) دلدل (د) براق

(۱۰۴) شب معراج کو پہلی منزل سفر کونسی تھی۔
(ا) مسجد احرام (ب) مسجد ابراہیم
(ج) مسجد قرطبہ (د) مسجد اقصیٰ

(۱۰۵) معراج کی رات وہ کونسا اعلیٰ مقام تھا جہاں سے آگے جبرئیل نے آگے جانے سے انکار کر دیا؟
(ا) سدرۃ الانتہا (ب) مقام اعلیٰ
(ج) مقام مقدس (د) مقام سدرۃ المنتہیٰ

(۱۰۶) سدرۃ المنتہیٰ سے کیا مراد ہے۔
(ا) نور سے بنا ہوا ستون
(ب) نور سے بنا ہوا کھجور کا درخت
(ج) نور سے بنا ہوا زیتون کا درخت
(د) نور سے بنا ہوا بیری کا درخت

(۱۰۷) معراج کی رات آپؐ کو ۵۰ نمازوں کا تحفہ ملا کس پیغمبر کے بار بار کہنے پر آپؐ اللہ کے حضور نو مرتبہ جا کر نمازوں کی تعداد کی کمی کی درخواست کی۔
(ا) حضرت آدمؑ (ب) حضرت ابرہیمؑ
(ج) حضرت موسیٰؑ (د) حضرت عیسیٰؑ

(۱۰۸) آپؐ نے معراج میں وہ کونسی جگہ دیکھی جہاں کا طواف ستر ہزار فرشتے کرتے ہیں۔ یاد رہے کہ وہ بالکل عین کعبہ کے اوپر ہے۔
(ا) بیت المحمود (ب) بیت الفردوس
(ج) بیت العریش (د) بیت المعمور

(۱۰۹) واپسی پر سفر معراج کی خبر آپؐ نے ام ہانی کو دی بتائیں واقعہ معراج کی تصدیق سب سے پہلے کس نے کی؟
(ا) ام ہانیؓ (ب) حضرت ابوطالبؓ
(ج) حضرت خدیجہؓ (د) حضرت ابوبکر صدیقؓ

(۱۱۰) مدینہ منورہ میں اسلام کی ابتدا کس سن سے ہوئی۔؟
(ا) ۱۰ نبوی (ب) ۱۱ نبوی
(ج) ۱۲ نبوی (د) ۱۳ نبوی

(۱۱۱) ۱۱ نبوی میں مدینہ کے افراد مسلمان ہوئے بتائیں اسلام قبول کرنے والے اشخاص کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟
(ا) بنوخزرج (ب) بنوسعد
(ج) بنواوس (د) بنوغطفان

(۱۱۲) ان چھ آدمیوں کے قبول اسلام کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟
(ا) ابتدائے اسلام انصار (ب) ابتدائے اسلام بنوخزرج
(ج) ابتدائے اسلام یثرب (د) ابتدائے اسلام نصرت

(۱۱۳) بیعت عقبی اولیٰ ۱۲ نبوی میں آپؐ سے بارہ افراد نے باضابطہ بیعت لی ان افراد کا تعلق مدینہ کے کس قبیلہ سے تھا یاد رہے ان بارہ میں سے پانچ پچھلے سال ہونے والے مسلمان تھے۔
(ا) اوس (ب) خزرج
(ج) ثعلبہ (د) اوس خزرج

(۱۱۴) رسول اللہؐ نے ان افراد کے ساتھ کس معلم کو اسلام سکھانے کے لیے مدینہ روانہ کیا۔
(ا) مصعب بن عمیرؓ، عبداللہ بن مکتومؓ
(ب) مصعب بن عمیرؓ عمر بن مکتوم
(ج) مصعب بن عمیرؓ زاہد بن مکتوم
(د) مصعب بن عمیرؓ عبیداللہ بن مکتوم

(۱۱۵) اواخر ۱۲ نبوی میں نماز جمعہ کی ابتدا مدینہ میں ہوئی جمعہ کا قیام کس نے

Scanned with CamScanner

کیا؟

(ا) معصب بن عمیر (ب) عبداللہ بن مکتوم
(ج) اسعد بن زرارہؓ (د) یزید بن ثعلبہ

(۱۱۶) ۱۳ نبوی کو جو مدینہ والوں کا قافلہ حج کے لیے مصعب بن عمیرؓ کی زیر قیادت آیا اس میں کتنے مرد اور عورتیں شامل تھیں؟

(ا) ۷۳ مرد ۲ عورتیں (ب) صرف ۷۵ مرد
(ج) ۷۰ مرد ۵ عورتیں (د) ۷۲ مرد ۳ عورتیں

(۱۱۷) بیعت عقبہ ثانی کب ہوئی؟

(ا) ۱۱ نبوی (ب) ۱۲ نبوی
(ج) ۱۳ نبوی (د) ۱۴ نبوی

(۱۱۸) اس انصاری کا نام بتائیں جس نے دونوں بیعتوں میں شرف قبولیت حاصل کیا۔

(ا) اسعد بن زارہ (ب) براء بن معمور
(ج) جابر بن عبداللہ (د) رافع بن مالک

(۱۱۹) حضرت عباسؓ کے استفسار پر کہ محمدؐ ہماری قوم کے معزز و محترم فرد ہیں ہم ان کے مخالفین کے مقابلہ میں ہمیشہ ان کے سینہ سپر رہے ہیں اب ان کا خود یہ ارادہ ہے کہ وہ آپ کے پاس جا رہے ہیں۔ ایسا نہ ہو تم انہیں وہاں لے جا کر دشمنوں کے حوالے کر دو اس پر کس نے حمایت اور حفاظت کا یقین دلایا؟

(ا) سعد بن صامت (ب) اسعد بن زارہ
(ج) ذکوان بن قیس (د) براء بن معرور

(۱۲۰) ''ایسا نہ ہو کہ آپؐ کو جب قوت اور اقتدار ملے تو آپؐ ہمیں چھوڑ کر اپنے وطن تشریف لے جائیں'' یہ کن صحابی نے پوچھا تھا؟ جس کے جواب میں آپؐ نے فرمایا تھا ''نہیں! اب میرا جینا مرنا تمہارے ساتھ ہوگا''۔

(ا) براء بن معرور (ب) رافع بن مالک
(ج) معاذ بن الحارث (د) عبادہ بن صامت

(۱۲۱) قبیلہ اوس کے سردار کا کیا نام تھا؟

(ا) سعد بن معاذ (ب) معاذ بن اسعد
(ج) عمار بن اسعد (د) سعد بن اسعد

(۱۲۲) کس سردار قریش کو اس بات کی فکر لاحق ہوئی کہ اب مسلمان اپنی قوت جمع کر کے اور مدینہ کے انصار کے ساتھ مل کر ہم سے بدلہ لیں گے اور اس نے دار الندوہ میں تمام سرداروں کا اجلاس بلایا۔

(ا) عکرمہ (ب) ابوسفیان
(ج) ابوجہل (د) شیبہ

(۱۲۳) سب سے پہلے ہجرت مدینہ کرنے والے صحابی کا نام کیا ہے؟

(ا) حضرت عثمان بن عفانؓ (ب) حضرت ابوسلمہ بن الاسودؓ
(ج) حضرت ابوقتادہؓ (د) حضرت مصعب بن عمیرؓ

(۱۲۴) وہ کونسے صحابی تھے جو مکے کے بڑے خوش پوشاک اور شوقین نوجوان تھے اسلام لاتے ہی ماں باپ دشمن ہو گئے مدینے میں تبلیغ اس شان سے کرتے کہ کندھے پر کمبل کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہوتا تھا جسے سامنے کی طرف ببول کے کانٹے لگا کر اٹکا لیا کرتے تھے۔

(ا) حضرت ابوقتادہؓ (ب) حضرت ابو سلمہ بن اسودؓ
(ج) حضرت مصعب بن عمیرؓ (د) حضرت عبادہؓ

(۱۲۵) مسلمانوں کی اکثریت نے کس سن نبوی میں ہجرت کی؟ جن میں حضرت عمرؓ بھی شامل تھے۔

(ا) ۱۱ نبوی (ب) ۱۲ نبوی
(ج) ۱۳ نبوی (د) ۱۴ نبوی

(۱۲۶) اس صحابی کا نام کیا ہے جس نے اپنے بیس ساتھیوں کے ہمراہ علی الاعلان قریش کو للکار کر ہجرت کی؟

(ا) حضرت عباسؓ (ب) حضرت علیؓ
(ج) حضرت حمزہؓ (د) حضرت عمرؓ

(۱۲۷) حضورؐ کی ہجرت کا سن کر سامان باندھنے کے لیے جب رسی نہ ملی تو حضرت اسماء بن ابی بکرؓ نے اپنے ازار بند کے دو ٹکڑے کر کے سامان سفر کو باندھا تو آپؐ نے ان کو کیا خطاب دیا؟

(ا) ذات النطاتین (ب) ذات النطاقین
(ج) ذات الرحما (د) ذات الخوب

(۱۲۸) ''مجھ کو ہجرت کا حکم ہوا ہے۔ میں آج مدینہ روانہ ہو جاؤں گا۔ تم میرے بستر پر میری چادر اوڑھ کر سو رہو'' یہ حکم آپؐ نے کس صحابی کو دیا؟

(ا) حضرت حمزہؓ (ب) حضرت ابوبکرؓ
(ج) حضرت جعفرؓ (د) حضرت علیؓ

(۱۲۹) ''تو مجھ کو دنیا سے زیادہ عزیز ہے لیکن تیرے فرزند مجھے یہاں رہنے نہیں دیتے'' یہ آپؐ نے کس سے کہا؟

(ا) سردار قریش کو (ب) بزرگ بنو ہاشم
(ج) شہر مکہ کو (د) خانہ کعبہ کو

(۱۳۰) اس اونٹنی کا کیا نام ہے جس پر آپؐ نے سفر مدینہ کیا؟

(ا) الغنوئی (ب) الفغوئی
(ج) القصوئی (د) العمرہ

(۱۳۱) غار ثور مکہ سے کتنی دور واقع ہے؟

(ا) دو میل (ب) تین میل
(ج) چار میل (د) پانچ میل

(۱۳۲) غار ثور میں موجود تمام سوراخوں کو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنی چادر پھاڑ کر بند کر دیا تو ایک سوراخ باقی بچا۔ آپؐ نے اس کو کس چیز سے بند کیا۔

(ا) اپنی ہتھیلی سے (ب) اپنی ایڑی سے
(ج) اپنی قمیض سے (د) اپنی تہمند سے

(۱۳۳) حضرت ابوبکرؓ کے اس بیٹے کا نام بتائیں جو آپؐ کو شام کو تمام خبریں سنا جایا کرتا تھا؟

(ا) محمد بن ابی بکر (ب) عبداللہ بن ابی بکر

(ج) عمر بن ابی بکر (د) عباد بن ابی بکر

(۱۳۴) غارِ ثور میں آپؐ اور آپؓ کو کھانا کون پہنچاتا تھا؟
(ا) حضرت خنسہؓ (ب) حضرت عبداللہ بن ابی بکرؓ
(ج) حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ (د) حضرت سودہؓ

(۱۳۵) غارِ ثور کے منہ کو کس نے بند کر دیا؟
(ا) ٹڈوں کے جال نے (ب) مکڑیوں نے جال سے
(ج) جھینگر کے جال سے (د) پتھروں سے

(۱۳۶) غارِ ثور پر کس پرندے نے گھونسلے فوری طور پر بنا کر انڈے دے دیئے؟
(ا) کبوتر (ب) چڑیا
(ج) بلبل (د) طیر

(۱۳۷) شام کو کون بکریاں چراتا ہوا لیکر آتا اور بکری کا دودھ دھوکر آپؐ کو پیش کرتا؟
(ا) عامر بن فہیرہؓ (ب) عامر بن ربیعہ
(ج) عامر بن سعیدؓ (د) عامر بن خلیفہ

(۱۳۸) کفارِ مکہ نے آپؐ کی تلاش کے لیے کتنا انعام مقرر کیا؟
(ا) ۱۰۰ اونٹ (ب) ۱۰۰ سرخ اونٹ
(ج) ۱۰۰ گھوڑے (د) ۱۰۰ سرخ اونٹ اور ۱۰۰ گھوڑے

(۱۳۹) وہ کون تھا جس نے دوبارہ گھوڑے سے ٹھوکر کھانے کے بعد اس بات کو سمجھ لیا کہ یہ سب خدا کی مرضی سے ہو رہا ہے؟
(ا) سراقہ بن جعشم (ب) سراقہ بن جحش
(ج) جعشم بن سراقہ (د) سراقہ بن عدی

(۱۴۰) ہجرت مدینہ میں راہبر سفر کون تھا؟
(ا) عبداللہ بن اریقط (ب) عبداللہ بن جحش
(ج) عبداللہ بن عباس (د) عبداللہ بن ابوبکر

(۱۴۱) ''اے سراقہ اس وقت تیری کیا شان ہوگی جب تو کسریٰ کے کنگن پہنے گا'' آپؐ کی یہ پیشین گوئی کس کے دورِ خلافت میں پوری ہوئی۔
(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت عمرؓ
(ج) حضرت عثمانؓ (د) حضرت علیؓ

جوابات

(۱) ا	(۲) ا	(۳) ج	(۴) د	(۵) ر
(۶) د	(۷) ج	(۸) ب	(۹) ج	(۱۰) ب
(۱۱) ج	(۱۲) د	(۱۳) ج	(۱۴) د	(۱۵) ا
(۱۶) ا	(۱۷) ا	(۱۸) ا	(۱۹) ب	(۲۰) د
(۲۱) ج	(۲۲) ا	(۲۳) ج	(۲۴) ا	(۲۵) ا
(۲۶) ب	(۲۷) ا	(۲۸) ج	(۲۹) د	(۳۰) ا
(۳۱) ب	(۳۲) ج	(۳۳) د	(۳۴) ا	(۳۵) د
(۳۶) ب	(۳۷) ب	(۳۸) ج	(۳۹) ب	(۴۰) ب
(۴۱) ا	(۴۲) ا	(۴۳) ا	(۴۴) ا	(۴۵) ا
(۴۶) ا	(۴۷) ا	(۴۸) ا	(۴۹) ا	(۵۰) ا
(۵۱) ب	(۵۲) ب	(۵۳) ا	(۵۴) ا	(۵۵) ا
(۵۶) ب	(۵۷) د	(۵۸) ا	(۵۹) ب	(۶۰) د
(۶۱) ا	(۶۲) ا	(۶۳) ج	(۶۴) ا	(۶۵) ج
(۶۶) ا	(۶۷) ج	(۶۸) ج	(۶۹) د	(۷۰) ب
(۷۱) ب	(۷۲) ج	(۷۳) ا	(۷۴) ا	(۷۵) ا
(۷۶) ا	(۷۷) ا	(۷۸) ج	(۷۹) ج	(۸۰) ج
(۸۱) ا	(۸۲) د	(۸۳) د	(۸۴) د	(۸۵) ا
(۸۶) ا	(۸۷) ا	(۸۸) ا	(۸۹) ا	(۹۰) ج
(۹۱) د	(۹۲) ا	(۹۳) ا	(۹۴) ا	(۹۵) ا
(۹۶) ج	(۹۷) ا	(۹۸) د	(۹۹) ج	(۱۰۰) ا
(۱۰۱) ب	(۱۰۲) ا	(۱۰۳) د	(۱۰۴) د	(۱۰۵) د
(۱۰۶) د	(۱۰۷) ج	(۱۰۸) د	(۱۰۹) د	(۱۱۰) ب
(۱۱۱) ا	(۱۱۲) ا	(۱۱۳) ا	(۱۱۴) ا	(۱۱۵) ج
(۱۱۶) ج	(۱۱۷) ج	(۱۱۸) د	(۱۱۹) د	(۱۲۰) ج
(۱۲۱) ا	(۱۲۲) ج	(۱۲۳) د	(۱۲۴) ج	(۱۲۵) ج
(۱۲۶) د	(۱۲۷) ب	(۱۲۸) د	(۱۲۹) ج	(۱۳۰) ج
(۱۳۱) ج	(۱۳۲) ب	(۱۳۳) ب	(۱۳۴) ج	(۱۳۵) ب
(۱۳۶) ا	(۱۳۷) ا	(۱۳۸) ب	(۱۳۹) ا	(۱۴۰) ا
(۱۴۱) ب				

۱ہجری تا ۵ہجری

(۱) سن ہجری کا آغاز کب سے ہوتا ہے؟
(ا) ماہ صفر بوقت مکہ سے روانگی (ب) ماہ ربیع الاول
(ج) ماہ محرم ۱۳ نبوی (د) ماہ محرم ۱۴ نبوی

(۲) مدینہ کی طرف سفر کے دوران آپؐ نے کس بوڑھی عورت کے خیمے میں بکری کا تازہ دودھ حاصل کیا؟
(ا) ام عمارہ (ب) ام معبد
(ج) ام حکیم (د) ام اسود

(۳) کتنے روز کے سفر کے بعد آپؐ مدینہ شریف کے قریب کسی بستی میں پہنچے؟
(ا) ۸ روز بعد (ب) ۶ روز بعد
(ج) ۴ روز بعد (د) ۱۰ روز بعد

(۴) قبا مدینہ سے کتنے میل دور ہے؟
(ا) ایک میل (ب) دو میل

(ج) تین میل (د) چار میل

(۵) کس نے مدینہ پہنچ کر بتا دیا تھا کہ آپؐ عنقریب مدینہ پہنچنے والے ہیں؟

(ا) حضرت عثمانؓ (ب) حضرت عمرؓ

(ج) حضرت طلحہؓ (د) حضرت زبیرؓ

(۶) "اے اہل عرب! لو تم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آ گیا"، یہ کس کے الفاظ ہیں؟

(ا) کلثوم بن الہدام (ب) حضرت ابوایوب انصاری

(ج) حضرت معاذ (د) ایک یہودی

(۷) آپؐ قبا کب پہنچے؟

(ا) ۸ ربیع الاول ۱۳ نبوی (۱ ہجری)

(ب) ۲ ربیع الاول ۱۳ نبوی (۱ ہجری)

(ج) ۹ ربیع الاول ۱۳ نبوی (۱ ہجری)

(د) ۱۲ ربیع الاول ۱۳ نبوی (۱ ہجری)

(۸) قبا میں آپؐ نے کس کے ہاں اقامت فرمائی؟

(ا) کلثوم بن الہدام (ب) حضرت ایوب انصاری

(ج) حضرت سعد بن عبادہ (د) حضرت بشیر بن منذر

(۹) قبا میں آپؐ نے کتنے دن قیام فرمایا؟

(ا) دس (ب) بارہ دن

(ج) چودہ دن (د) سولہ دن

(۱۰) یہاں آپؐ نے مسجد قبا کی بنیاد رکھی، مسجد قبا کا دوسرا نام کیا ہے؟

(ا) مسجد اقدس (ب) مسجد تقویٰ

(ج) مسجد ہجرت (د) مسجد اول

(۱۱) جمعہ کے روز آپؐ نے مدینے کی مرکزی آبادی یثرب کی طرف کوچ کیا راستے میں بنو سالم کے گھروں تک پہنچے تھے کہ نماز جمعہ کا وقت ہو گیا۔ یہاں اسلام کی پہلی نماز جمعہ مع خطبہ ہوئی۔ بتائیں اس جمعہ نماز میں کتنے لوگ شریک ہوئے۔

(ا) ۸۰ آدمی (ب) ۱۰۰ آدمی

(ج) ۱۲۰ آدمی (د) ۱۴۰ آدمی

(۱۲) یثرب میں آپؐ کی اونٹنی کس کے گھر کے سامنے جا کر بیٹھی؟ جو کہ قبیلہ بنو نجار کے ایک رئیس تھے۔

(ا) رئیس کلثوم بن الہدام (ب) حضرت ابوایوب انصاریؓ

(ج) حضرت سعد بن معاذؓ (د) حضرت سعد بن عبادہؓ

(۱۳) آپؐ ان کے ہاں تقریباً کتنا عرصہ رہے؟

(ا) آٹھ ماہ (ب) نو ماہ

(ج) دس ماہ (د) ایک سال

(۱۴) ہجرت کے موقع پر قبا میں داخلے کے وقت قبیلہ خزرج اور قبیلہ اوس و مہاجرین کے کتنے لوگ آپؐ کے استقبال کے لیے اکٹھے ہو گئے۔

(ا) ۳۰۰ (ب) ۳۵۰

(ج) ۴۰۰ (د) ۵۰۰

(۱۵) مدینہ شریف میں آپؐ کس تاریخ کو داخل ہوئے؟

(ا) ۸ ربیع الاول (ب) ۹ ربیع الاول

(ج) ۱۰ ربیع الاول (د) ۱۲ ربیع الاول

(۱۶) آپؐ کی اونٹنی جس جگہ بیٹھی وہ قطعہ زمین کس کا تھا جس کے ساتھ ابوایوب انصاری کا مکان تھا۔

(ا) سہل اور سہیل دو یتیم بچوں کا (ب) حضرت ابوایوب انصاری

(ج) ابوسہیل انصاری (د) ابوسہل انصاری

(۱۷) ان دو یتیم بچوں کی زمین کو آپؐ نے کس مقصد کے لیے پسند فرمایا اور اسے خریدنے کا حکم دیا؟

(ا) تعمیر مدرسہ (ب) تعمیر مسجد

(ج) تعمیر حجرات ازواج (د) تعمیر دار التبلیغ

(۱۸) حضرت فاطمہؓ، حضرت سودہؓ، حضرت عائشہؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت اسمائؓ اور حضرت ام ایمنؓ کو مدینہ لانے کے لیے آپؐ نے حضرت عبداللہ بن ابی بکر کے ساتھ کن دو اصحاب کو بھیجا تھا؟

(ا) حضرت زید بن حارثہؓ، حضرت ابورافع

(ب) حضرت زید بن حارثؓ، حضرت زید بن حارثہ

(ج) حضرت زید بن حارثہؓ، حضرت خالد بن زید

(د) حضرت زید بن حارثہؓ، حضرت نعمان بن مقرنؓ

(۱۹) حضرت عائشہ کی رخصتی کس ماہ میں ہوئی؟

(ا) رمضان (ب) شوال

(ج) ذی قعد (د) ذوالحجہ

(۲۰) آنحضرت نے سن ہجری کے آغاز کا حکم کس جگہ سے جاری فرمایا تھا؟

(ا) مسجد قبا (ب) مسجد نبویؐ

(ج) مسجد عریش (د) مسجد غیب

(۲۱) مدینہ پہنچنے کے پانچ روز بعد کس غیر عربی نے اسلام قبول کیا؟

(ا) حضرت سلمان فارسی (ب) حضرت ابن حکیم رومی

(ج) حضرت احسان رازی ہمدانی (د) حضرت عبداللہ نجفی

(۲۲) آپؐ نے سلمان فارسی کے آقا یہودی کو چالیس اوقیہ رقم دی اور اس کے باغ میں اپنے ہاتھ سے کتنے پودے لگائے کہ سلمان فارسی کو آزاد کر دے؟

(ا) ۱۰۰ (ب) ۲۰۰

(ج) ۳۰۰ (د) ۴۰۰

(۲۳) مدینہ منورہ میں سب سے پہلی درسگاہ کس جگہ قائم کی گئی؟

(ا) مسجد قبا (ب) مسجد بنو سالم

(ج) مسجد نبویؐ (د) مسجد عریش

(۲۴) سن ہجری کا صحیح ترین تعین کس کے عہد میں کیا گیا؟

(ا) ابوبکر صدیق (ب) عمر فاروقؓ

(ج) عثمانؓ (د) علیؓ

(۲۵) مدینہ مکہ سے کتنی مسافت پر ہے؟

(ا) ۲۰۰ میل (ب) ۲۵۰ میل

(ج) ۲۸۰ میل (د) ۳۰۰ میل

(۲۶) مدینہ میں یہود کے تین قبائل تھے بنی قریظہ، بنو نضیر اور تیسرا قبیلہ کون

Scanned with CamScanner

تھا؟

(ا) بنوغطفان (ب) بنوسلیم

(ج) بنوقینقاع (د) بنومصطلق

(۲۷) رشتہ مواخات سے مراد بھائی چارہ ہے یہ کن کے درمیان کیا گیا؟

(ا) مسلمان اور یہود (ب) مہاجرین اور مشرک

(ج) مہاجرین اور انصار (د) یہود و مشرک

(۲۸) رشتہ مواخات کتنے صحابہ کے مابین قائم کیا گیا؟

(ا) ۴۵ مہاجر، ۴۵ انصار (ب) ۴۸ مہاجر، ۴۸ انصار

(ج) ۵۵ مہاجر، ۵۵ انصار (د) ۵۰ مہاجر، ۵۰ انصار

(۲۹) اس موقعہ پر کس صحابی کو اپنا بھائی بتاتے ہوئے آپؐ نے فرمایا "تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو"۔

(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت عمر فاروقؓ

(ج) حضرت ابوایوب انصاریؓ (د) حضرت علیؓ

(۳۰) آپؐ کے مدینہ پہنچنے سے قبل قبیلہ اوس اور قبیلہ خزرج کے درمیان طویل عرصہ سے جنگ جاری تھی۔ اس جنگ کا کیا نام تھا؟

(ا) فجار (ب) نسر

(ج) یعوق (د) بعاث

(۳۱) اس صحابی کا نام بتایئے جس کے کھجور کا باغ آپؐ کی دعا سے سال میں ایک دفعہ کی بجائے دو مرتبہ پھل دیتا تھا۔

(ا) حضرت انس بن مالکؓ (ب) حضرت زید بن حارثہؓ

(ج) حضرت اوس بن ارقمؓ (د) حضرت مالک بن انسؓ

(۳۲) امین الامت کا خطاب آپؐ نے کس صحابی کو دیا؟

(ا) حضرت انس مالکؓ (ب) حضرت کلثوم بن الہدامؓ

(ج) حضرت زبیر بن عوامؓ (د) حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ

(۳۳) اسلام کے پہلے موذن کون تھے؟

(ا) حضرت بلال بن رباحؓ (ب) حضرت بلال بن اربابؓ

(ج) حضرت بلال بن جحشؓ (د) حضرت بلال بن زیدؓ

(۳۴) اذان کی ابتدا کس سن ہجری میں ہوئی؟

(ا) ۱ہجری (ب) ۲ہجری

(ج) ۳ہجری (د) ۴ہجری

(۳۵) اذان کے الفاظ حضرت بلالؓ کو حضرت عبداللہ بن زیدؓ نے سکھائے بتائیں حضرت عبداللہ بن زید کو یہ الفاظ کس نے سکھائے؟

(ا) حضرت محمدؐ (ب) حضرت جبرائیلؑ

(ج) حضرت میکائیلؑ (د) حضرت اسرافیلؑ

(ر) خواب میں

(۳۶) کس صحابیؓ کو آپؐ نے اپنے اہل بیت میں شامل کیا؟

(ا) حضرت زید بن حارثہؓ (ب) حضرت بلال حبشیؓ

(ج) حضرت انس بن مالکؓ (د) حضرت سلمان فارسیؓ

(۳۷) ۱ھ میں کل کتنے سریے آپؐ نے بھیجے؟

(ا) ایک (ب) دو

(ج) تین (د) چار

(۳۸) آپؐ نے ۱ھ میں اپنی فوجی اور سیاہی مہم کے لیے کس قبیلہ سے معاہدہ کیا تھا؟

(ا) بنوسعد (ب) بنواس

(ج) بنومطلق (د) بنوکنانہ

(۳۹) ۱ھ میں آپؐ نے مدینہ کے یہودی قبائل سے ایک معاہدہ کیا اس کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(ا) میثاق یثرب (ب) میثاق یہود

(ج) میثاق مسلمان و یہود (د) میثاق مدینہ

(۴۰) یہ معاہدہ ہجرت کے کتنے ماہ بعد طے پایا؟

(ا) ۴ماہ بعد (ب) ۵ماہ بعد

(ج) چھ ماہ بعد (د) سات ماہ بعد

(۴۱) اس معاہدہ کی کل شرائط کتنی تھی؟

(ا) پانچ (ب) چھ

(ج) سات (د) آٹھ

(۴۲) پہلا اسلامی پرچم جو حضرت حمزہؓ کو آپؐ نے عنایت کیا، اس کا رنگ کیا تھا؟

(ا) سبز (ب) سرخ

(ج) کالا (د) سفید

(۴۳) اسلام میں سب سے پہلا سریہ کونسا تھا جسے سریہ حمزہؓ بھی کہتے ہیں؟

(ا) سریہ سیف البحر (ب) سریہ ضرار

(ج) سریہ ودان (د) سریہ رابغ

(۴۴) حضورؐ پہلی بار مدینہ سے باہر کہاں گئے تھے؟

(ا) ودان (ب) رابغ

(ج) سیف البحر (د) ضرار

(۴۵) ۱ھ میں کس یہودی عالم نے اسلام قبول کیا؟

(ا) عبداللہ بن سلام (ب) کعب بن سلام

(ج) کعب بن اشرف (د) عبداللہ بن اشرف

(۴۶) آپؐ نے حواری رسولؐ کا خطاب کس کو دیا تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت زید بن حارثہؓ

(ج) حضرت انس بن مالکؓ (د) حضرت زبیر بن العوامؓ

(۴۷) آپؐ کا پہلا غزوہ کونسا تھا جسے غزوہ ودان بھی کہتے ہیں۔

(ا) ابوائی (ب) حسان

(ج) ضرار (د) قریظہ

(۴۸) آپؐ کے مدینہ تشریف لانے کے بعد سب سے پہلے جس شخص نے کفار مکہ کو اپنی حمایت کا یقین دلایا تھا وہ عبداللہ بن ابی سلول تھا، بتائیں اس کو کونسا خطاب ملا؟

(ا) رائیس الکذبین (ب) رئیس الافتراق

(ج) رئیس الضاد (د) رئیس المنافقین

Scanned with CamScanner

(۴۹) مواخات میں حضرت مصعب بن عمیرؓ کو کس انصاری صحابی کا بھائی بنایا گیا؟
(الف) حضرت ابوایوب انصاریؓ (ب) حضرت حسان بن ثابتؓ
(ج) حضرت عبداللہ بن ثابتؓ (د) حضرت ابوسلمہ انصاریؓ

(۵۰) حضرت علیؓ نے اپنا دینی بھائی کس کو بنایا؟
(الف) حضرت ابوذر غفاریؓ (ب) حضرت بلال بن رباحؓ
(ج) حضرت زید بن حارثہؓ (د) حضرت حسان بن ثابتؓ

(۵۱) ۲ ہجری کو روزہ اور عید الفطر فرض ہوئی' بتایئے تبدیلی قبلہ کا حکم کب آیا؟
(ا) رجب ۲ ہجری (ب) شعبان ۲ ہجری
(ج) رمضان ۲ ہجری (د) شوال ۲ ہجری

(۵۲) کس مسجد میں تبدیلی قبلہ کا حکم آیا جس کا نام بعد میں مسجد قبلتین پڑ گیا؟
(الف) مسجد بنوسلمہ (ب) مسجد قبا
(ج) مسجد غیب (د) مسجد نبوی

(۵۳) تبدیلی قبلہ کا حکم ہجرت مدینہ کے کتنے عرصہ بعد آیا؟
(ا) ۱۵ ماہ (ب) ۱۶ ماہ
(ج) ۱۷ ماہ (د) ۱۸ ماہ

(۵۴) عیدالاضحیٰ کی قربانی کب واجب ہوئی؟
(ا) ۱ھ (ب) ۲ھ
(ج) ۳ھ (د) ۴ھ

(۵۵) صدقہ فطر کا حکم ۲ ہجری میں آیا بتائیں نماز عید سے کتنے روز پہلے؟
(ا) دو دن (ب) تین دن
(ج) چار دن (د) پانچ دن

(۵۶) آپؐ نے کل کتنے غزوات میں شرکت فرمائی؟ (محمد بن اسحاق' علامہ ابن جوزی کے مطابق)
(ا) ۲۵ (ب) ۲۶
(ج) ۲۷ (د) ۲۸

(۵۷) لیکن قتال ۹ جنگوں میں ہوا جن میں بدر' احد' احزاب' بنی قریظہ' بنی مصطلق' خیبر' حنین' طائف اور کون سی ہے؟
(الف) بدر اول (ب) بنونضیر
(ج) حدیبیہ (د) بنوغطفان

(۵۸) آپؐ نے کل کتنے سرایا اپنی زندگی میں بھیجے؟
(ا) ۵۰ (ب) ۵۵
(ج) ۶۰ (د) ۶۵

(۵۹) جہاد وقتال کا حکم ۲ ہجری میں آیا' بتائیں آپؐ پر درود شریف بھیجنے کا حکم کس سن ہجری میں آیا؟
(ا) ۱ھ (ب) ۲ھ
(ج) ۳ھ (د) ۴ھ

(۶۰) حضرت عبداللہ بن زبیر شوال ۲ھ میں پیدا ہوئے' بتائیں حضرت فاطمہ کا نکاح علیؓ سے کب ہوا؟
(ا) شوال ۲ھ (ب) ذیقعد ۲ھ
(ج) ذوالحج ۲ھ (د) رمضان ۲ھ

(۶۱) ۲ھ میں رمضان کے روزے فرض ہوئے بتائیں تحویل کعبہ کے کتنے عرصہ بعد؟
(الف) ایک ماہ بعد (ب) دو ماہ بعد
(ج) تین ماہ بعد (د) چار ماہ بعد

(۶۲) جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں ان کو مردہ مت کہو بلکہ سیدھے بہشت میں جائیں گے۔ یہ آیت کس سورہ میں آئی ہے؟
(الف) سورہ محمد (ب) سورہ نور
(ج) سورہ آل عمران (د) سورہ حشر

(۶۳) تحویل کعبہ کا حکم کونسی رکعت میں آیا؟
(ا) پہلی (ب) دوسری
(ج) تیسری (د) چوتھی

(۶۴) ۲ ہجری میں آپؐ کی کس صاحبزادی کی وفات ہوئی؟
(ا) حضرت زینبؓ (ب) حضرت رقیہؓ
(ج) حضرت ام کلثومؓ (د) حضرت فاطمہؓ

(۶۵) ''یارسول اللہؐ مجھے سہیل بن عمرو کے سامنے کے دو دانت نکال دینے کی اجازت دیجئے تاکہ وہ پہلے کی طرح پھر آپؐ کے خلاف دریدہ دہنی سے کام نہ لے سکے'' یہ آپؐ سے کس کے الفاظ ہیں؟
(ا) حضرت سعد بن ابی وقاصؓ (ب) حضرت عمر فاروقؓ
(ج) حضرت حمزہؓ (د) حضرت علیؓ

(۶۶) کس مشرک نے مختصر سی فوج کے ساتھ مدینہ کی چراگاہ پر حملہ کیا تھا اور کچھ مویشی لوٹ کرلے گیا تھا؟
(الف) کرز بن جابر فہری (ب) ابوسفیان
(ج) ولید بن مغیرہ (د) حیی بن احطب

(۶۷) آپؐ نے حضرت علیؓ کو کس غزوہ میں ابوتراب کی کنیت سے پکارا تھا؟
(الف) غزوہ ذوالعشیرہ (ب) غزوہ بدر اول یا (غزوہ اسفوان)
(ج) غزوہ بدر دوم (د) غزوہ بواط

(۶۸) غزوہ بدر رمضان ۲ ہجری میں ہوا بتائیں تاریخ کیا تھی؟
(ا) ۱۴ رمضان (ب) ۱۵ رمضان
(ج) ۱۶ رمضان (د) ۱۷ رمضان

(۶۹) بدر مدینہ منورہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟
(ا) ۷۵ میل (ب) ۶۷ میل
(ج) ۷۷ میل (د) ۸۰ میل

(۷۰) غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد ۳۱۳ تھی بتائیں انصار و مہاجرین کی تعداد کتنی تھی؟
(ا) ۸۲:۲۳۱ (ب) ۹۲:۲۲۱
(ج) ۱۰۲:۲۱۱ (د) ۱۱۲:۲۰۲

(۷۱) انصار میں قبیلہ خزرج اور اوس کی تعداد کتنی تھی؟
(الف) ۱۷۰ اور ۶۱ (ب) ۷۱:۱۶۰
(ج) ۸۱:۱۵۰ (د) ۹۱:۱۴۰

(۷۲) بدر میں کفار کی تعداد کتنی تھی؟
(ا) ۹۰۰ (ب) ۹۵۰

Scanned with CamScanner

(ج) ۱۰۰۰ (د) ۱۰۵۰

(۷۳) قریش کو جب بدر کے قریب پہنچنے پر پتہ چلا کہ ابوسفیان کا قافلہ خطرے کی زد سے نکل گیا ہے تو کس قبیلے کے سردار نے کہا ''اب لڑنا ضروری نہیں''، اور پھر ابوجہل کے اصرار جنگ پر وہ اپنے ۱۵۰ افراد واپس لیکر چلا گیا۔

(ا) قبیلہ بنواسد (ب) بنوعدی
(ج) بنوزہرہ (د) بی اورسی دونوں

(۷۴) غزوہ بدر میں کفار کے پاس کتنے اونٹ تھے؟

(ا) ۵۰۰ (ب) ۶۰۰
(ج) ۷۰۰ (د) ۸۰۰

(۷۵) غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے گھوڑے تھے؟

(ا) ۲ (ب) ۳
(ج) ۴ (د) ۵

(۷۶) غزوہ بدر کا ایک بڑا سبب عمرو بن حضرمی کا قتل بھی تھا۔ بتائیں اسے کس سریہ میں ہلاک کیا گیا؟

(ا) سریہ عبداللہ بن جحش (ب) سریہ صفوان
(ج) سریہ غطفان (د) سریہ بنوسلیم

(۷۷) غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے اونٹ تھے۔

(ا) ۴۰ (ب) ۵۰
(ج) ۶۰ (د) ۷۰

(۷۸) غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنی تلواریں تھیں؟

(ا) ۴ (ب) ۶
(ج) ۸ (د) ۱۰

(۷۹) غزوہ بدر میں ایک جھنڈا کس زوجہ مطہرہ کی اوڑھنی سے بنایا گیا؟

(ا) حضرت سودہؓ (ب) حضرت عائشہؓ
(ج) حضرت حفصہؓ (د) حضرت ام سلمیٰؓ

(۸۰) غزوہ بدر میں ۷۰ کفار مارے گئے چودہ مسلمان شہید ہوئے بتائیں انصار اور مہاجر کتنے کتنے تھے؟

(ا) ۸ اور ۶ (ب) ۱۰ اور ۴
(ج) ۶ اور ۸ (د) ۱۱ اور ۳

(۸۱) جنگ بدر جہاں ۷۰ کفار گرفتار بھی ہوئے بدر کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ا) کنواں (ب) ٹیلہ
(ج) گھاٹی (د) میدان

(۸۲) ابوجہل کو دو بچوں معاذ اور معوذ نے قتل کیا' بتائیں ان کا سر تن سے کس نے جدا کیا اور آپؐ کے قدموں میں ڈال دیا؟

(ا) عبداللہ بن مسعودؓ (ب) عبداللہ بن عباسؓ
(ج) حضرت حمزہؓ (د) حضرت علیؓ

(۸۳) غزوہ بدر میں کم سن شہید کون تھے؟

(ا) حضرت عمیر بن ابی وقاص
(ب) حضرت معوذ بن عفراء
(ج) حضرت معاذ بن حارث
(د) حضرت معوذ بن حارث

(۸۴) حضرت عفراء ایسی خوش قسمت خاتون تھیں جن کے معاذ اور معوذ کے علاوہ کل سات بیٹے جنگ بدر میں شریک تھے۔ تین بیٹے ایک خاوند حارث سے تھے باقی چار بیٹے کس خاوند سے تھے؟

(ا) بکر بن یالیل (ب) نفیر بن یالیل
(ج) زید بن عبد یالیل (د) عوف بن یالیل

(۸۵) غزوہ بدر میں کس صحابی کی تین پشتیں جنگ بدر میں شریک جہاد تھیں؟

(ا) حضرت یزید بن اخنس سلمیٰ
(ب) حضرت اخنس بن حباب
(ج) حضرت معین بن یزید سلمی
(د) حضرت یزید بن ابن یزید سلمیٰ

(۸۶) وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے ابوجہل کو مار ڈالا تو ابوجہل کے بیٹے عکرمہ نے ان کے شانے پر تلوار ماری پھر بھی وہ اسی حالت میں لڑتے رہے لیکن ہاتھ کے لٹکنے کی زحمت ہوتی تھی بالآخر ہاتھ کو پاؤں کے نیچے دبا کر کھینچا کہ ہاتھ الگ ہو گیا۔

(ا) حضرت معوذؓ (ب) حضرت معاذؓ
(ج) حضرت عبداللہ بن عباسؓ (د) عقیلؓ

(۸۷) غزوہ بدر میں مسلمانوں کا سالار اعلیٰ' آپؐ نے کس کو مقرر فرمایا تھا؟

(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت عمرؓ
(ج) حضرت علیؓ (د) حضرت حمزہؓ

(۸۸) قریش کے عتبہ بن ربیعہ' شیبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ نے مسلمانوں سے سب سے پہلے مبارزت طلب کی ان کے مقابلے کے لیے عوف بن حارثؓ، معوذ بن عفراءؓ عبداللہ بن رواحہؓ گئے۔ قریش نے ان سے مقابلہ کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ مقابلہ کے لیے قریشی مسلمان آئیں تو پھر کون گئے۔

(ا) عبیدہ بن حارث' حضرت حمزہ' حضرت علی
(ب) حضرت عمر' حضرت حمزہ' حضرت علی
(ج) حضرت عمر' حضرت علی' حضرت سعد بن ابی وقاص
(د) حضرت علی' حضرت حمزہ' حضرت سعد بن ابی وقاص

(۸۹) فوج کفار کس کی زیر کمان تھی۔

(ا) عتبہ بن ربیعہ (ب) شیبہ بن ربیعہ
(ج) ابوجہل (د) ابوسفیان

(۹۰) اہل بدر کی تعداد لشکر طالوت کے برابر تھی لشکر طالوت کس کے مقابلہ میں نکلا تھا؟

(ا) فرعون (ب) نمرود
(ج) جالوت (د) ماروت

(۹۱) حضرت حمزہؓ نے عتبہ کو مار گرایا' حضرت علیؓ نے ولید کو ڈھیر کر دیا لیکن حضرت عبیدہؓ شیبہ کے مقابلے میں زخمی ہو گئے۔ اس پر کس نے آگے بڑھ کر تلوار کی ضرب سے شیبہ کے دو ٹکڑے کر دیئے۔

Scanned with CamScanner

(ا) حمزہؓ (ب) علیؓ
(ج) سعد بن ابی وقاصؓ (د) حضرت عمرؓ

(۹۲) دارالندوہ میں آپؐ کے قتل کا مشورہ کرنے والے چودہ سرداروں میں سے کتنے جنگ بدر میں مارے گئے۔ یاد رہے تین گرفتار بھی ہوئے تھے۔
(ا) ۵ (ب) ۷
(ج) ۹ (د) ۱۱

(۹۳) لڑائی کے دوران کس صحابی کی تلوار ٹوٹ گئی آپؐ نے انہیں ایک درخت کی شاخ دی مگر جونہی انہوں نے شاخ کو حرکت دی تو وہ فوراً تلوار بن گئی۔
(ا) عکاشہ بن محصنؓ (ب) نافع بن انسؓ
(ج) معوذ بن عفراءؓ (د) عقیل بن بکرؓ

(۹۴) اس تلوار سے جس کا نام "عون" پڑ گیا' عکاشہ نے اس سے لڑتے ہوئے کس جنگ میں شہادت پائی؟
(ا) جنگ موتہ (ب) جنگ تبوک
(ج) جنگ مرتدین (د) جنگ یرموک

(۹۵) حضرت عثمانؓ جنگ بدر میں کس وجہ سے شریک جہاد نہ تھے؟
(ا) بوجہ ذاتی بیماری (ب) بوجہ نیابت
(ج) بوجہ سفارت (د) بوجہ بیماری رقیہ

(۹۶) عتبہ بن ربیع کا لڑکا جس نے مسلمانوں کی طرف سے جنگ لڑی کا کیا نام تھا؟
(ا) ابوحذیفہ (ب) ابوسلمان
(ج) ابوزید (د) ابوعثمان

(۹۷) آنحضرتؐ کی گردن پر مسجد حرام میں دوران نماز اونٹ کی اوجھ مع نجاست ڈالنے والے عتبہ بن ابی معیط کا جنگ بدر میں کیا حال ہوا؟
(ا) زخمی ہو کر بھاگ گیا (ب) گرفتار ہوا
(ج) جنگ سے پہلے بھاگ گیا (د) قتل ہوا

(۹۸) حضورؐ کی پھوپھی حضرت عاتکہؓ نے غزوہ بدر واقع ہونے سے پہلے ہی کفار مکہ کا ہولناک انجام ایک خواب میں دیکھا' انہوں نے حضرت عباسؓ سے بیان کیا تو یہی خواب کسی مشرک نے سن کر کہا تھا "اب تو بنو ہاشم کی عورتیں بھی نبوت کرنے لگیں"۔
(ا) ابوجہل (ب) ابولہب
(ج) امیہ بن خلف (د) سہیل بن عمرو

(۹۹) کون غزوہ بدر کے بعد مکہ سے مدینہ اس لئے گیا کہ آپؐ پر قاتلانہ حملہ کرے لیکن آپؐ نے اس کی سازش کا راز فاش کر دیا تو وہ بہت حیران ہوا اور فوری مسلمان ہو گیا۔
(ا) حضرت عمیر بن وہیب (ب) حضرت زید بن سہیل
(ج) حضرت ثابت بن عمیر (د) حضرت عمیر بن اسلم

(۱۰۰) "اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اللہ کے لیے حمد وثنا ہے جس نے اپنا وعدہ نصرت سچ کر دکھایا اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور تمام گروہوں کو شکست دی' یہ الفاظ آپؐ نے تین بار کس بات پر فرمائے تھے۔
(ا) ابوجہل کا سر دیکھ کر (ب) عتبہ کا سر دیکھ کر
(ج) شیبہ کا سر دیکھ کر (د) ولید بن عتبہ کا سر دیکھ کر

(۱۰۱) آپؐ کے داماد حضرت زینبؓ کے خاوند "ابوالعاص" آپؐ کے چچا عباسؓ، حضرت علیؓ کے بھائی عقیل' نوفل بن حارث اور ان میں سے کونسے فرد اسیر جنگ ہوئے۔
(ا) عمرو بن ابی سفیان (ب) خالد بن ہشام
(ج) سہیل بن عمرو (د) اے' بی' سی تینوں

(۱۰۲) اسیران جنگ کے متعلق حضرت عمرؓ نے کہا کہ ہر مسلمان اپنے قرابت دار کی گردن خود مارے۔ یہ بتائیں فدیہ لینے والی بات کس نے کی؟
(ا) حضرت علیؓ (ب) حضرت عثمانؓ
(ج) حضرت ابوبکر صدیقؓ (د) حضرت سعد بن معاذؓ

(۱۰۳) ہر اسیر کا ہدیہ چار ہزار درہم مقرر ہوا' جو نادار تھے ان کو چھوڑ دیا گیا اور جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے ان کا حکم ہوا کہ دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں' یہ بتائیں زرفدیہ سے کس قدر مسلمانوں کی آمدنی ہوئی۔
(ا) ڈیڑھ تا ۲ لاکھ درہم (ب) ۲ تا ڈھائی لاکھ درہم
(ج) اڑھائی تا تین لاکھ درہم (د) ایک تا ڈیڑھ لاکھ درہم

(۱۰۴) غزوہ بدر میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟
(ا) احد' احد (ب) نعرہ تکبیر
(ج) نعرہ حق (د) لا الہ الا اللہ

(۱۰۵) غزوہ بدر کے مال غنیمت میں ۱۵۰ اونٹ' دس گھوڑے تھے' یہ بتائیں غزوہ بدر کے مال غنیمت میں تلوار کونسی حاصل ہوئی؟
(ا) ذوالفقار (ب) عون
(ج) صمصامہ (د) ماثور

(۱۰۶) آپؐ کی برجی والی جگہ پر ایک مسجد تعمیر کی گئی جس کا نام مسجد عریش ہے۔ یہ بتائیں جنگ بدر کو قرآن پاک نے کس نام سے پکارا ہے؟
(ا) یوم العریش (ب) یوم الفتح
(ج) یوم العرفان (د) یوم الفرقان

(۱۰۷) غزوہ بنی قینقاع کب ہوا؟
(ا) ۱۵ شوال ۲ھ (ب) ۲۰ شوال ۲ھ
(ج) ۲۵ شوال ۲ھ (د) ۳۰ شوال ۲ھ

(۱۰۸) غزوہ بنی قینقاع کس وجہ سے ہوا؟
(ا) معاہدہ کے مطابق یہودیوں نے جنگ بدر میں حصہ نہ لیا۔
(ب) میثاق مدینہ کے خلاف یہودیوں نے قریش کا ساتھ دیا۔
(ج) یہودی سرچڑھے ہو گئے تھے۔
(د) انصار کی عورت کی بے حرمتی کی اور اعلان جنگ کیا۔

(۱۰۹) کتنے یہودیوں کو مدینہ سے جلاوطن کر دیا گیا؟
(ا) ۶۰۰ (ب) ۶۵۰
(ج) ۶۹۰ (د) ۷۰۰

(۱۱۰) بنو قینقاع' اذرعات جا کر آباد ہو گئے تھے' اذرعات کس ملک کا علاقہ ہے؟

Scanned with CamScanner

(ا) شام (ب) عراق
(ج) فلسطین (د) مصر

(۱۱۱) غزوہ بدر میں حضرت علیؓ کے ہاتھوں کتنے کافر قتل ہوئے؟
(ا) ۳۶ (ب) ۴۰
(ج) ۴۴ (د) ۴۸

(۱۱۲) جنگ بدر میں عتبہ اور ابوجہل کے قتل کے بعد قریش کی ریاست عامہ کا تاج کس کے سر پر رکھا گیا؟
(ا) ابولہب (ب) صفوان بن امیہ
(ج) ابوسفیان (د) حارث بن امیہ

(۱۱۳) ابوسفیان نے مقتولین بدر کا انتقام لینے تک کیا عہد کیا؟
(ا) نہائے دھوئے گا نہیں (ب) سر میں تیل نہ ڈالے گا۔
(ج) اُب دونوں (د) چین سے نہیں بیٹھے گا۔

(۱۱۴) اسی بدلہ کے پیش نظر ابوسفیان دوسو سواروں کا دستہ لیکر خفیہ طور پر مدینہ پہنچا۔ رات کے آخری حصہ میں مدینہ سے تین میل پر واقع گاؤں عریض پر حملہ آور ہوا۔ چند مکانوں کو آگ لگا کر ایک انصاری مسلمان سعد بن عمرؓ کو شہید کرکے واپس لوٹ گیا آپؐ نے اطلاع پا کر ''قرقرۃ الکدر'' تک تعاقب کیا ابوسفیان گھبراہٹ میں راستے میں ستو پھینک گیا اسی واقعہ کا دوسرا نام کیا ہے۔
(ا) غزوہ سویق (ب) غزوہ عتیق
(ج) غزوہ سعد بن عمر (د) غزوہ عریض

(۱۱۵) ۳ھ میں قانون وراثت نافذ ہوا' بتائیں مشرکہ عورتوں سے نکاح کب حرام ہوا؟
(ا) ۳ھ (ب) ۴ھ
(ج) ۲ھ (د) ۵ھ

(۱۱۶) ۳ھ میں آپؐ نے اپنی دوسری بیٹی ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ سے کیا۔ ۳ھ ہی میں آپؐ نے اپنا نکاح حضرت حفصہ سے پڑھوایا۔ بتائیں حضرت حفصہؓ کس صحابی کی بیٹی ہیں۔
(ا) ابوبکر صدیقؓ (ب) عمر فاروقؓ
(ج) سعد بن زادہؓ (د) سعد بن ابی وقاصؓ

(۱۱۷) حضرت حسنؓ ۳ھ میں پیدا ہوئے تاریخ بتائیں۔
(ا) ۱۵ شعبان (ب) ۱۵ رمضان
(ج) ۱۵ شوال (د) ۱۵ ذی قعد

(۱۱۸) ۳ھ میں کل کتنے غزوات ہوئے؟
(ا) ایک (ب) دو
(ج) تین (د) چار

(۱۱۹) مدینہ میں یہودی شاعر کعب بن اشرف جو آپؐ کے خلاف اشعار کہتا اور لوگوں کو بھڑکاتا تھا کو کس نے قتل کیا؟
(ا) محمد بن مسلم (ب) حارث بن اوس
(ج) عباد بن بشر (د) عبداللہ بن عتیق

(۱۲۰) غزوہ غطفان کب ہوا؟
(ا) محرم ۳ھ (ب) ربیع الاول ۳ھ
(ج) شوال ۳ھ (د) شعبان ۳ھ

(۱۲۱) غزوہ غطفان جس کے دوسرے نام غزوہ انمار اور غزوہ ذی امراء بھی ہے میں آپؐ کو تنہا دیکھ کر دعشور بن حارث نے کہا تھا'' آپؐ کو مجھ سے کون بچائے گا'' جواب میں آپؐ نے کہا تھا ''میرا اللہ'' دعشور نے اس واقعہ سے کیا سبق سیکھا۔
(ا) مسلمان ہوگیا (ب) آپؐ پر حملہ کر دیا
(ج) بھاگ گیا (د) مزید مخالف ہوگیا

(۱۲۲) احد جو کہ ایک پہاڑ کا نام ہے مدینہ کے شمال پر کتنے فاصلہ پر ہے؟
(ا) ۲ میل (ب) ۳ میل
(ج) ۴ میل (د) ۵ میل

(۱۲۳) غزوہ احد جو کہ ۷ ربیع الاول ۳ھ کو ہوا میں کفار کے لشکر کا سردار اعلیٰ کون تھا؟
(ا) عکرمہ بن ابوجہل (ب) ابوسفیان
(ج) خالد بن ولید (د) ابوالحکم

(۱۲۴) غزوہ احد میں آپؐ کے ساتھ کل ۱۰۰۰ صحابہ کرام اور دیگر قبائل تھے مگر منافق عبداللہ بن ابی ناراض ہو کر اپنی جمعیت واپس لے آیا۔ اس کے بعد آپؐ کی نفری کتنی رہ گئی۔
(ا) ۷۰۰ (ب) ۷۵۰
(ج) ۸۰۰ (د) ۸۵۰

(۱۲۵) غزوہ احد میں مشرکین کی تعداد ۳۰۰۰ تھی جن میں ۷۰۰ زرہ پوش تھے۔ بتائیں مشرکین کے لشکر میں گھوڑے کتنے تھے؟
(ا) ۲۰۰ (ب) ۱۹۰
(ج) ۱۸۰ (د) ۱۷۰

(۱۲۶) غزوہ احد میں مسلمانوں کے سالار اعلیٰ کون قرار پائے؟
(ا) محمدؐ (ب) ابوبکرؓ
(ج) عمرؓ (د) علیؓ

(۱۲۷) غزوہ احد میں وہ کون تھے؟ جب ان سے کہا گیا کہ تم ابھی چھوٹے ہو واپس جاؤ تو ان کی جانثاری کا یہ عالم تھا کہ وہ انگوٹھوں کے بل تن کر کھڑے ہوگئے تھے کہ قد اونچا نظر آئے چنانچہ وہ جنگ میں شامل کر لیے گئے۔
(ا) حضرت رافع بن خدیجؓ (ب) حضرت نافع بن خدیجؓ
(ج) حضرت کافع بن خدیجؓ (د) حضرت شفافع بن خدیج

(۱۲۸) آپؐ نے کس کم سن صحابی کو شریک جنگ ہونے سے منع کیا تو انہوں نے آپؐ سے عرض کی ''یارسول اللہ'' آپؐ نے رافع بن خدیجؓ کو جنگ میں شریک ہونے کی اجازت دی حالانکہ میں اس سے تگڑا ہوں بے شک مقابلہ کروا کر دیکھ لیں اور مقابلہ جیتنے پر آپؐ نے انہیں شریک جنگ کر لیا۔
(ا) سمرہ بن جندب (ب) رافع بن جندب
(ج) عمر بن العاص (د) ابورافع

(۱۲۹) غزوہ احد سے قبل حضرت عباسؓ جنہوں نے ابھی اپنے اسلام کا اعلان

Scanned with CamScanner

نہیں کیا تھا نے ایک قاصد کے ہاتھ خط دیکر یہ اطلاع بھجوائی کہ لشکر قریش مدینہ پر حملہ آور ہو رہا ہے۔ یہ خط آپؐ کو کہاں ملا؟

(ا) مدینہ (ب) قبا
(ج) جحفہ (د) ابوا

(۱۳۰) غزوہ احد میں کفار کے پاس ۳۰۰۰ اونٹ تھے اور ۲۰۰ گھوڑے تھے جبکہ مسلمانوں کے گھوڑے صرف دو تھے ایک پر آپؐ سوار تھے اور دوسرے پر کون سوار تھا؟

(ا) ابولبابہ (ب) ابوبردہ
(ج) ابودجانہ (د) ابورافع

(۱۳۱) غزوہ احد میں لشکر اسلام کی پشت پر یعنی جبل عینین (جبل رباۃ) کے درے پر آپؐ نے ۵۰ تیر اندازوں کا ایک دستہ متعین کیا بتائیں تیر انداز جماعت کا سردار کون تھا؟

(ا) عبداللہ بن جبیرؓ (ب) عبدالرحمن بن عوفؓ
(ج) عبداللہ بن عمرؓ (د) اسد بن عبیدؓ

(۱۳۲) غزوہ احد میں جب گھمسان کا رن پڑا تو آپؐ نے اپنی تلوار ذوالفقار اپنے دست مبارک میں لیکر فرمایا تھا کہ کون اس کا حق ادا کرتا ہے اس پر بہت سے ہاتھ سعادت حاصل کرنے کے لیے آگے بڑھے بتائیں یہ سعادت کس صحابی کو ملی؟

(ا) حضرت عمرؓ (ب) حضرت علیؓ
(ج) حضرت ابودجانہؓ (د) حضرت ابورافعؓ

(۱۳۳) "کسی نبی کے لیے جائز نہیں کہ وہ ہتھیار لگا کر اتار دے یہاں تک کہ وہ اللہ کے دشمنوں سے جنگ کرے" یہ الفاظ آپؐ نے کب کہے؟

(ا) جنگ احد لڑنے کے مقام کی مشاورت پر
(ب) اس مشورہ پر کہ جنگ بدر کہاں لڑی جائے
(ج) اس بات کے مشورہ پر کہ جنگ خندق کہاں لڑی جائے۔
(د) غزوہ سویق کے موقعہ پر

(۱۳۴) قریش نے جذبہ انتقام اور غیرت وحمیت بڑھانے کے لیے کتنی عورتوں کو شامل لشکر کیا؟

(ا) ۱۵ (ب) ۱۶
(ج) ۱۷ (د) ۱۸

(۱۳۵) "میں نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ شہر کے اندر کفار کا مقابلہ کیا جائے اور میری رائے کو نہ مانا گیا لہٰذا میں اپنا لشکر لیکر واپس جا رہا ہوں" یہ الفاظ عبداللہ بن ابی سلول نے کس مقام پر ادا کیئے؟

(ا) مقام قبا (ب) مقام جحفہ
(ج) مقام سقوط (د) مقام شیخین

(۱۳۶) غزوہ احد میں وہ کون سے صحابی تھے جو اکڑتے ہوئے اور سر پر سرخ رومال باندھے ہوئے نکلے۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ چال اللہ کو ناپسند ہے لیکن اس وقت پسند ہے۔

(ا) حضرت ابودجانہؓ (ب) ابورافع
(ج) ابوعمیر (د) زیاد بن سکن

(۱۳۷) حضرت حمزہؓ کو ہندہ کے کہنے پر جبیر بن مطعم کے کس غلام نے چھپکے سے ناف میں تیر مار کر شہید کیا؟

(ا) وحشی بن حرب (ب) امیر بن حرب
(ج) حارث بن حرب (د) ولید بن حرب

(۱۳۸) کس عورت نے اپنا زیور اتار کر وحشی بن حرب کو انعام میں دے دیا؟

(ا) ہندہ بنت عتبہ (ب) ہندہ بنت حارث
(ج) ہندہ بنت نضر (د) ہندہ بنت حکم

(۱۳۹) غزوہ احد میں کل چودہ خواتین نے حصہ لیا تین مسلم خواتین حضرت ام سلیطؓ، حضرت عائشہؓ، حضرت ام سلیمؓ زخمیوں کو پانی پلاتی تھیں جبکہ وہ کون خاتون تھی جو آپؐ کے بچاؤ کے لیے لڑتی رہیں نیزوں اور تلواروں کے وار سے ان کے جسم پر بارہ زخم آئے تھے؟

(ا) حضرت فاطمہؓ (ب) حضرت عائشہؓ
(ج) حضرت سودہؓ (د) حضرت نسیبہؓ

(۱۴۰) وہ کون سے صحابی تھے جو بغیر غسل جنابت شریک تھے اور جو غسیل ملائکہ کے لقب سے مشہور ہوئے؟

(ا) حضرت حنظلہ بن عمیرؓ (ب) حضرت عبداللہ بن رواحہؓ
(ج) حضرت عبداللہ بن جحشؓ (د) حضرت سلام بن عدیؓ

(۱۴۱) غزوہ احد میں اکثر تیر انداز اپنی جگہ چھوڑ گئے بتایئے کتنے تیر انداز اپنی جگہ ثابت قدم رہے؟

(ا) ۲۰ (ب) ۱۵
(ج) ۱۰ (د) ۵

(۱۴۲) ان تیر اندازوں میں سے کتنے باقی بچے؟

(ا) ایک بھی نہیں (ب) ایک
(ج) دو (د) تین

(۱۴۳) وہ کون سے شہید ہیں جو عین وقت شہادت مسلمان ہوئے ایک بھی نماز نہ پڑھی مگر شہادت کا رتبہ پا گئے؟

(ا) حضرت عمیر بن ثابتؓ (ب) عمیر بن رافعؓ
(ج) عمیر بن قالغؓ (د) عمیر بن نافعؓ

(۱۴۴) حضرت حمزہؓ جن کو عبداللہ بن جحشؓ کے ساتھ دفن کیا گیا کی نماز جنازہ کتنی مرتبہ پڑھی گئی؟

(ا) ۵۰ (ب) ۶۰
(ج) ۷۰ (د) ۸۰

(۱۴۵) آپؐ کے ہم شکل صحابی کون تھے جن کی شہادت پر آپؐ کی شہادت کی خبر پھیل گئی؟

(ا) حضرت مصعب بن عمیرؓ (ب) حضرت عبداللہ بن جحشؓ
(ج) حضرت حمزہؓ (د) حضرت عبداللہ بن جبرؓ

(۱۴۶) جس وقت آپؐ کی شہادت کی افواہ پھیلی تو مسلمان ادھر ادھر تتر بتر ہو گئے۔ ایسے میں آپؐ کے گرد کتنے جان نثار باقی رہ گئے؟

(ا) ۸ (ب) ۱۲
(ج) ۱۶ (د) ۲۰

(۱۴۷) خالد بن ولیدؓ نے جس وقت پشت والے درے پر خالی جگہ دیکھ کر حملہ

کیا تھا اس وقت اس کے ساتھ کتنے سوار تھے؟

(ا) ۵۰ (ب) ۷۵

(ج) ۸ (د) ۱۰۰

(۱۴۸) "میرے ماں باپ تجھ پر قربان" غزوہ احد میں آپؐ نے یہ الفاظ کس صحابی سے کہے تھے؟

(ا) حضرت سعد بن ابی وقاصؓ (ب) حضرت ابودجانہؓ

(ج) حضرت حمزہؓ (د) حضرت علیؓ

(۱۴۹) غزوہ احد میں وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے اپنے کافر باپ سے لڑنے کی اجازت مانگی تھی مگر آپؐ نے یہ گوارا نہ کیا کہ بیٹا باپ پر تلوار اٹھائے؟

(ا) حضرت حنظلہؓ (ب) حضرت ابودجانہؓ

(ج) حضرت نعمان بن مقرونؓ (د) حضرت یمانؓ

(۱۵۰) جس قدر میں اپنے بھائی کے قتل کا حریص رہا اتنا میں کسی کے قتل کا کبھی حریص اور خواہش مند نہ تھا۔ یہ الفاظ کس صحابی کے ہیں؟

(ا) سعد بن ابی وقاصؓ (ب) سعد بن نعمانؓ

(ج) سعد بن زرارہؓ (د) سعد بن عبادہؓ

(۱۵۱) آپؐ کے چہرہ مبارک پر عبداللہ بن قمیہ نے تلوار ماری اور عتبہ بن ابی وقاص نے پتھر مارا تھا جس سے آپؐ کے "خود" کی کڑیاں ٹوٹ کر دھنس گئیں تھیں اور دانت کچھ ٹوٹ گیا وہ کونسے صحابی تھے جنہوں نے خود کی کڑیاں فرط محبت میں اپنے دانتوں سے کھینچ کر نکال دیں تھیں۔

(ا) حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ (ب) حضرت ابوبکرؓ

(ج) حضرت عمرؓ (د) حضرت علیؓ

(۱۵۲) تاریخ ابن اثیر اور صحیح بخاری میں وضاحت ہے کہ آپؐ کے کتنے دانت شہید ہوئے؟

(ا) دو (ب) تین

(ج) ایک (د) ایک دانت کچھ ٹوٹ گیا

(۱۵۳) خدایا! میری قوم کو بخش دے وہ جانتے نہیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ یہ الفاظ آپؐ نے کب ادا کیئے۔

(ا) جب جنگ احد شروع ہوئی۔

(ب) جب خالد بن ولیدؓ نے تیراندازوں پر حملہ کیا۔

(ج) جب آپؐ کو کفار نے گھیرے میں لے لیا۔

(د) جب آپؐ احد میں نماز پڑھ رہے تھے۔

(۱۵۴) معرکہ احد میں ۷۰ مسلمان شہید ہوئے چودہ مہاجر باقی انصار۔ ۴۰ مسلمان زخمی ہوئے دوسری طرف قریش کے کتنے افراد مارے گئے۔

(ا) ۲۲ (ب) ۲۴

(ج) ۳۰ (د) ۳۶ ۲۳

(۱۵۵) احد سے واپسی پر ابوسفیان کو مقام روحا پر پہنچ کر یہ احساس ہوا کہ اسے مدینہ کو لوٹ لینا چاہیے تھا۔ روحا مدینہ سے کتنے فاصلے پر ہے۔

(ا) ۲۰ میل (ب) ۲۴ میل

(ج) ۲۶ میل (د) ۲۸ میل

(۱۵۶) حضورؐ غزوہ احد کے اگلے دن کس غزوہ میں شرکت کے لیے چلے گئے۔

(ا) غزوہ حمرالاسد (ب) غزوہ سویق

(ج) غزوہ غطفان (د) غزوہ نجران

(۱۵۷) اسی موقع پر ابوسفیان کے ارادوں سے مطلع کرنے کونسا سردار آپؐ کے پاس آیا اور بعد میں اس نے ابوسفیان کی حوصلہ شکنی بھی کی۔

(ا) معبد خزاعی (ب) معان خزاعی

(ج) معاذ خزاعی (د) عموذ خزاعی

(۱۵۸) جنگ احد میں مسلمانوں کی ناکامی کی ایک وجہ حب مال تھی چنانچہ کس سورۃ میں اللہ نے اشارۃً سمجھایا کہ سود خورانہ ذہنیت کے ساتھ صبر اور نظم وضبط قائم رکھنا محال ہے۔

(ا) آل عمران (ب) توبہ

(ج) المائدہ (د) النساء

(۱۵۹) شراب کب حرام ہوئی؟

(ا) ۳ھ (ب) ۴ھ

(ج) ۵ھ (د) ۲ھ

(۱۶۰) ۴ھ میں کل کتنے غزوات ہوئے؟

(ا) ۲ (ب) ۳

(ج) ۴ (د) ۵

(۱۶۱) ۴ھ میں کل کتنے سرایہ ہوئے؟

(ا) ۳ (ب) ۴

(ج) ۵ (د) ۶

(۱۶۲) حضرت زید بن ثابتؓ کو آپؐ نے عبرانی زبان سیکھنے کا حکم دیا تو انہوں نے کتنے دنوں میں سیکھ لی؟

(ا) ۸ (ب) ۱۰

(ج) ۱۲ (د) ۱۵

(۱۶۳) ۴ھ میں غزوہ نجد، غزوہ بنی نضیر کے علاوہ تیسرا غزوہ کونسا تھا؟

(ا) غزوہ بدر ثانی (ب) غزوہ سویق

(ج) غزوہ نجار (د) غزوہ دومتہ الجندل

(۱۶۴) ماہ شعبان ۴ھ کو امام حسین پیدا ہوئے ماہ رمضان ۴ھ کو آپؐ نے حضرت زینب بنت خزیمہ سے نکاح کیا بتائیں ماہ شوال ۴ھ میں آپؐ نے کس سے نکاح کیا۔

(ا) زینب بنت جحشؓ (ب) حضرت ام سلمیٰؓ

(ج) حضرت ام حبیبہؓ (د) حضرت صفیہ بنت حیؓ

(۱۶۵) پردے کا حکم ۴ھ کو آیا بتائیں ماہ کونسا تھا؟

(ا) یکم شعبان (ب) یکم رمضان

(ج) یکم شوال (د) یکم ذیقعد

(۱۶۶) آپؐ قصاص کے لیے بنونضیر کے پاس گئے تھے ان سے عمرو بن امیہ کے ہاتھوں قتل ہونے والے دو افراد کی دیت کے موضوع پر بات ہوئی اس دوران کس یہودی نے رسول اللہؐ کو ہلاک کرنے کا پروگرام بنایا۔

(ا) حیٔ بن احطب (ب) نضر بن حارث

Scanned with CamScanner

(ج) سلام بن مشکم (د) حیی بن حارث

(۱۶۷) غزوہ بنی نضیر ۴ھ میں کس ماہ پیش آیا؟

(ا) شعبان (ب) رمضان
(ج) ربیع الاول (د) صفر

(۱۶۸) غزوہ احد کے بعد آپؐ نے کس یہودی قبیلے کا محاصرہ کیا۔

(ا) بنوسعد (ب) بنوقینقاع
(ج) بنوسلیم (د) بنونضیر

(۱۶۹) آپؐ نے بنونضیر کا محاصرہ کتنے روز جاری رکھا۔

(ا) ۱۰ (ب) ۱۲
(ج) ۱۵ (د) ۱۷

(۱۷۰) حیی بن اخطب نے آپؐ کو کس چیز سے مارنے کی کوشش کی۔

(ا) پتھروں سے (ب) تلواروں سے
(ج) نیزوں سے (د) برچھیوں سے

(۱۷۱) یہودیوں کو دس دن کی مہلت دی گئی پھر وہ مدینہ سے نکل کر کہاں آباد ہوگئے۔

(ا) طائف (ب) یمن
(ج) شام (د) خیبر

(۱۷۲) غزوہ بنی نضیر میں یامین بن عمیر اور دوسرا کون مسلمان ہوا۔

(ا) ابوسعید بن وہب (ب) ثالث بن وہب
(ج) سعد بن وہب (د) زید بن وہب

(۱۷۳) کس غزوہ کے عین دوران شراب مکمل حرام ہوئی۔

(ا) غزوہ ذات الرقاع (ب) غزوہ نجد
(ج) غزوہ غطفان (د) غزوہ بنونضیر

(۱۷۴) غزوہ بنی نضیر کے بعد غزوہ ذات الرقاع درپیش آیا جس کا دوسرا نام ہے

(ا) غزوہ نجد (ب) غزوہ نجران
(ج) غزوہ قینقاع (د) غزوہ سویق

(۱۷۵) غزوہ بدر ثانیہ جنگ احد میں کفار سے دوبارہ مقابلہ کے وعدہ کی وجہ سے ہوا جس میں آپؐ کے ساتھ ۱۵۰۰ صحابی تھے اور کفار کے ساتھ ۲۰۰۰ افراد تھے۔ یہ غزوہ کب ہوا۔

(ا) شعبان ۴ھ (ب) رمضان ۴ھ
(ج) شوال ۴ھ (د) ذیقعد ۴ھ

(۱۷۶) ابوسفیان لشکر لیکر کس مقام تک آیا اور وہاں سے قحط سالی کا بہانہ بنا کر بھاگ گیا۔

(ا) مرالظہران (ب) مرالبقیع
(ج) مرالشمس (د) مرالبحار

(۱۷۷) ۵ھ میں کل کتنے غزوات ہوئے۔

(ا) دو (ب) تین
(ج) چار (د) پانچ

(۱۷۸) ۵ھ میں کل کتنے سرایہ ہوئے؟

(ا) ایک (ب) ۲
(ج) ۳ (د) ۴

(۱۷۹) ۵ھ میں غزوہ خندق، غزوہ بنی مطلق، غزوہ بنی قریظہ اور کونسا غزوہ ہوا۔

(ا) ذات الرقاع (ب) دومۃ الجندل
(ج) غزوہ سویق (د) غزوہ بنوغطفان

(۱۸۰) بتائیں غزوہ بنی مصطلق پہلے ہوا یا غزوہ مریسیع

(ا) غزوہ بنی مصطلق
(ب) غزوہ مریسیع
(ج) دونوں ایک ہی دن ہوئے
(د) دونوں ایک ہی غزوہ کے نام ہیں۔

(۱۸۱) اس غزوہ میں ۱۰ اہل مریسیع ہلاک ہوئے ۶۰۰ گرفتار ہوئے مال غنیمت میں ۲۰۰۰ ہزار اونٹ اور ۵۰۰ بکریاں ہاتھ آئیں گرفتار ہونے والوں میں جویریہ بنت حارث بن ابی ضرار (سردار کی بیٹی) بھی تھیں جن کو آپؐ نے زوجیت میں لے لیا صحابہ کو معلوم ہوا تو صحابہ نے کیا کیا۔

(ا) تمام قیدیوں کو آزاد کردیا۔ (ب) مال غنیمت واپس کردیا
(ج) اے، بی دونوں (د) آدھا مال غنیمت واپس کردیا

(۱۸۲) غزوہ بنی مصطلق کے بعد یہ کس نے کہا تھا کہ "اجازت ہو تو عبداللہ بن ابی کی گردن اڑادوں" آپؐ نے فرمایا! کیا تم یہ چرچا پسند کرتے ہو کہ محمدؐ اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں"۔

(ا) حضرت عمرؓ (ب) حضرت علیؓ
(ج) سعد بن ابی وقاصؓ (د) حضرت ابوبکرؓ

(۱۸۳) "دنیا جانتی ہے کہ میں باپ کا کس قدر خدمت گزار ہوں لیکن اگر آپؐ کی یہ مرضی ہے تو مجھی کو حکم ہو میں ابھی جا کر ان کا سر کاٹ لاتا ہوں ایسا نہ ہو کہ آپؐ کسی دوسرے کو حکم دیں اور میں محبت اور غیرت کے جوش میں آکر قاتل کو قتل کردوں۔

(ا) عبداللہ جو کہ ابی کا بیٹا تھا۔ (ب) عبیداللہ
(ج) حکم بن مروان (د) مروان بن حکم

(۱۸۴) غزوہ خندق جس کا دوسرا نام غزوہ احزاب ہے کب پیش آیا۔

(ا) ذیقعد ۵ھ (ب) ذوالحجہ ۵ھ
(ج) رمضان ۵ھ (د) شوال ۵ھ

(۱۸۵) احزاب کے معنی ہیں۔

(ا) فوج یا گروہ (ب) جماعتیں
(ج) حلیف (د) مخالف

(۱۸۶) جنگ بدر کے بعد قریش کے لیے صرف ملک شام کا راستہ بند ہوا تھا مگر احد کی لڑائی کے بعد مسلمانوں کا اثر نفوذ مشرق میں نجد تک اور شمال میں دومۃ الجندل تک پھیل گیا۔ دومۃ الجندل کیا تھا۔

(ا) قلعہ (ب) تجارتی شاہراہوں کا مقام اتصال
(ج) کنواں (د) پہاڑی چوٹی

(۱۸۷) اس سے قریش کے تجارتی قافلوں کا نہ صرف شام و مصر بلکہ عراق جانے کا راستہ بھی بند ہوگیا۔ یہ اقتصادی ناکہ بندی قریش کی شہ رگ پر چھری کے مترادف تھی۔ اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے قریش کے

Scanned with CamScanner

پاس کیا حل تھا۔

(ا) یمن کی طرف تجارت شروع کر دیں

(ب) اسلام دشمنی ترک کر کے اسلام کی بالادستی کو قبول کر لیں۔

(ج) مسلمانوں سے فیصلہ کن جنگ

(د) ب اور ا دونوں

(۱۸۸) بدر کے بعد غزوہ قینقاع اور احد کے بعد غزوہ بنونضیر ۴ھ کے نتیجہ میں کونسا غزوہ درپیش آیا۔

(ا) غزوہ خندق (ب) غزوہ طائف

(ج) غزوہ بنی مصطلق (د) غزوہ دومۃ الجندل

(۱۸۹) یہودی کوششوں سے بنوغطفان، بنواسد، بنوسعد، بنوسلیم، مشرکین مکہ کے ساتھ مل گئے ان کو مدینہ میں گروہ منافقین کے علاوہ یہود کے کس قبیلہ کے تعاون کا یقین تھا۔

(ا) بنوقریظہ (ب) بنوقینقاع

(ج) بنونضیر (د) بنوعمیر

(۱۹۰) غزوہ خندق میں اکٹھے ہونے والے لشکر کفار کی تعداد ۱۰،۰۰۰ تھی بتائیں ان کا سپہ سالار کون تھا۔

(ا) ابوسفیان (ب) عکرمہ بن ابوجہل

(ج) یزید بن ابوسفیان (د) سہیل بن عمرو

(۱۹۱) غزوہ خندق میں مسلمانوں کی تعداد ۳۰۰۰ ہزار تھی آپ اس صحابی کا نام بتائیں جنہوں خندق کھودنے کا مشورہ دیا۔

(ا) ابوایوب انصاریؓ (ب) عمرؓ

(ج) ابوذر غفاریؓ (د) سلمان فارسیؓ

(۱۹۲) غزوہ خندق میں کفار کے پاس ۱۴۰۰ اونٹ تھے، بتائیں ان کے پاس گھوڑے کتنے تھے۔

(ا) ۲۰۰ (ب) ۲۲۵

(ج) ۲۵۰ (د) ۳۰۰

(۱۹۳) شہر کے تین اطراف دشوار گزار پہاڑ، مکانات، اور کھجور کے گھنے باغات تھے کونسی سمت کھلی تھی۔

(ا) شمالی (ب) شامی

(ج) جنوبی (د) ا اور ب دونوں

(۱۹۴) آنحضرت نے شیخین سے جبلع سلع کے مغربی گوشہ تک نیم دائرہ کی شکل میں خندق کے لیے حاشیہ کھینچا۔ دس دس صحابہ کے گروہ کو کتنے کتنے گز زمین کی کھدائی کا کام سونپا گیا۔

(ا) ۵،۵ گز (ب) دس، دس گز

(ج) بارہ بارہ گز (د) پندرہ، پندرہ گز

(۱۹۵) علامہ شبلی نعمانی کی کتاب سیرۃ النبی کے مطابق خندق کتنے دنوں میں کھودی گئی۔

(ا) ۶ (ب) ۱۲

(ج) ۱۵ (د) ۲۰

(۱۹۶) صحابی رسول موسیٰ بن عتبہؓ کے مطابق خندق ۲۰ دن میں کھودی گئی یہ پندرہ فٹ گہری، پندرہ فٹ چوڑی اور مجموعی طور پر کتنے میل لمبی تھی۔

(ا) ۲ میل (ب) اڑھائی میل

(ج) تین میل (د) ساڑھے تین میل

(۱۹۷) پتھر کھودتے کھودتے ایک چٹان آ گئی کسی کی ضرب کام نہیں دیتی تھی آپ تشریف لائے تین دن کا فاقہ تھا آپ نے دست مبارک سے تین مرتبہ پھاوڑا مارا چٹان خاک ہو گئی اور ساتھ ہی آپؐ نے تین علاقوں کی فتح کی نوید سنائی۔ وہ کونسے ہیں۔

(ا) ایرانی رومی اور اندلسی (ب) ایرانی، رومی اور یونانی

(ج) ایرانی، تورانی اور رومی (د) ایرانی، رومی اور یمنی

(۱۹۸) عورتوں اور بچوں کو محفوظ حویلیوں میں یکجا کر دیا گیا اور ان کی پاسبانی کے لیے صرف ایک مرد متعین کیا گیا۔ کون؟

(ا) حسان بن ثابتؓ (ب) حسان بن زیدؓ

(ج) عبداللہ بن ثابتؓ (د) انس بن مالکؓ

(۱۹۹) کن سے خطرہ لاحق تھا کہ انہیں مرعوب کرنے کے لیے ہر رات اسلامی دستے شہر میں گشت کرتے اور تکبیر کے نعرے بلند کرتے رہتے"۔

(ا) اہل قریش (ب) بنوقریظہ

(ج) بنوغطفان (د) بنوسلیم

(۲۰۰) کفار کا لشکر پہلے کہاں خیمہ زن ہوا۔

(ا) بدر (ب) احد

(ج) ودان (د) ابوا

(۲۰۱) دو ہفتے کی ادھیڑ بن اور پیچ و تاب کے بعد ایک دن عام حملہ کیا گیا۔ عمرو بن عبدود (قریش کا مشہور پہلوان جو جنگ بدر میں زخمی ہوا اور اب سراپا انتقام تھا) اور دیگر چند نوجوان خندق عبور کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ عمرو بن عبدود نے ھل من مبارز (ہے کوئی مقابلہ میں آنے والا) کا نعرہ بلند کیا۔ شیر خدا نے آگے بڑھ کر تلوار سے اس کے دو ٹکڑے کر دیئے اور نعرہ تکبیر بلند کیا۔ عمرو کے باقی ساتھی بھاگ کھڑے ہوئے نوفل بھاگتے ہوئے خندق میں گر گیا اور ہلاک ہوا۔ اس روز معرکہ کارزار گرم رہا اور بتائیں اس روز آپؐ کی کتنی نماز قضا ہوئیں۔

(ا) ۲ (ب) ۳

(ج) ۴ (د) ۵

(۲۰۲) غزوہ خندق کے موقع تک مدینہ کے اندر کونسا یہود قبیلہ آباد تھا۔

(ا) بنوقینقاع (ب) بنونضیر

(ج) بنوغطفان (د) بنوقریظہ

